NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2009

URDU HOME LANGUAGE: PAPER II

Time: 2½ hours | Marks: 80

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This paper consists of 10 pages.
2. Read the questions and follow all instructions.
3. Start each question on a new page.
4. All answers must be in URDU.
5. Strike out all rough work.
6. Your writing must be neat, clear and legible. Leave a line in between answers.
7. Answer Sections A, B and C.

IEB Copyright © 2009

SECTION A

Seen Poem

اس سوال میں پانچ (۵) نظمیں دی گئی ہیں۔ نمبر ۱ - ۵ ۔
نظم نمبر ۱ اور ۲ میں سے صرف ایک (۱) کا جواب لکھیے۔
نظم نمبر ۳ اور ۴ میں سے صرف ایک (۱) کا جواب لکھیے۔۔ اور
نظم نمبر ۵ کا جواب ضرور دینا پڑیگا۔

نظم نمبر ۱

Poem 1 **Essay**

ایک چھوٹی بچّی

ستیدہ کیسی پیاری بچی ہے — صورت اچھی، سمجھ بھی اچھی ہے
ذرا دیکھو تو اس کی صورت کو — سچی چینی کی جیسی مورت ہو
ہے ابھی دو برس کی خیر سے جان — پر سب اچھے برے کی ہے پہچان
ہے ادب سے بڑوں کا لیتی نام — سب کو کرتی ہے ہاتھ اٹھا کے سلام
وہ کسی بات پر مچلتی نہیں — اپنی عادت کبھی بدلتی نہیں
آرزو تو بہت ہے بولنے کی — پر نہیں اٹھتی ہے زبان ابھی
نہیں منہ سے نکلتے پورے بول — بولتی ہے سدا ادھورے بول
نئے آتے ہیں گھر میں جب مہماں — دیکھ دیکھ ان کو ہوتی ہے خنداں

عمر اس کی خدا دراز کرے
علم سے اس کو سرفراز کرے

خواجہ الطاف حسین حالی

جواب لکھیے۔
چھوٹی بچی ستیدہ کی بہت تعریف کی گئی ہیں۔
اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔ (۸-۱۰ جملے)

(10)

IEB Copyright © 2009

OR

Poem 2 **Essay**

نظم نمبر ۲

OR

ہوٹل

بورڈ پر ہوٹل کے تھا لکھا ہوا — مرغ، انڈے، دال، مچھلی، شوربا
آپ کے جو جی میں آئے کھائیے — جیب خالی ہے تو کیا ہے آئیے
فکر پیسوں کی نہ کیجیے گا ذرا — آپ کا پوتا کرے گا بل ادا
اک مسافر چلتے چلتے رک گیا — بورڈ پر لکھا تھا جو پڑھنے لگا
بورڈ پڑھ کر وہ بہت ہی خوش ہوا — شان سے ہوٹل میں داخل ہوگیا
پھر کہا بیرے سے کھانا جلد لاؤ — مرغ، مچھلی، دال، بریانی، پلاؤ
جو بھی آیا سامنے چٹ کر گیا — خوب کھایا پیٹ اس کا بھر گیا
کھا کے روغن، روٹ، انڈے، شیرمال — کر رہا تھا اٹھ کے جانے کا خیال
ایک بیرا لے کے بل نازل ہوا — دیکھ کر بل اس کو اک دھکا لگا
بولا، باہر کیا لکھا ہے بورڈ پر — کیا تمھیں بالکل نہیں اس کی خبر
اس پہ بیرے نے کہا کیجیے یقیں — بل یہ صاحب آپ کا ہرگز نہیں
آپ کا، نا آپ کے بابا کا ہے — بل یہ حضرت آپ کے دادا کا ہے
آپ کے دادا نے کھایا تھا کبھی
آپ پوتے ہیں ادا کیجیے ابھی۔

یوسف جمالی

اس نظم "ہوٹل" کو پڑھ کر اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔
(۸ - ۱۰ جملے)۔

(10)

IEB Copyright © 2009

Poem 3 **Contextual**

نظم نمبر ۳

اچھا بچہ

طاہر اچھا بچہ ہے — بھولا بھالا سچا ہے
گھر بھر کا وہ پیارا ہے — سب کی آنکھ کا تارا ہے
صبح سویرے جاگتا ہے — باغ میں جا کر بھاگتا ہے
کرتا ہے دانتوں کو صاف — اپنے منہ ہاتھوں کو صاف
پھر اسکول وہ جاتا ہے — پڑھ کر خوش خوش آتا ہے
جھوٹ سے نفرت کرتا ہے — سب کی عزت کرتا ہے

جواب لکھیے.

۱. ذیل اشعار کی معنی اپنے الفاظ میں لکھیے.

۱. "گھر بھر کا وہ پیارا ہے. سب کی آنکھ کا تارا ہے". (2)

۲. "جھوٹ سے نفرت کرتا ہے وہ. سب کی عزت کرتا ہے وہ." (2)

۳. صبح سویرے اُٹھ کر طاہر کیا کرتا ہے؟ (2)

۴. اِس نظم میں شاعر ہمیں کیا پیغام دے رہا ہے؟ اپنے الفاظ میں لکھیے. (صرف ۵ جملے) (4)

(10)

IEB Copyright © 2009

OR

Poem 4 **Contextual**

نظم نمبر ۴

۳۔

نعت

دو جگ کے سرکار محمدؐ	نبیوں کے سردار محمدؐ
امت کے غم خوار محمدؐ	ہر اک کے دل دار محمدؐ
حکم خدا سے آئے محمدؐ	حق کا سندیسہ لائے محمدؐ
رحمت بن کر آئے محمدؐ	سارے جہاں پر چھائے محمدؐ
اِک سچے فرمان کو لائے	تعلیم قرآن کو لائے
مُسلم کی اِک آن کو لائے	نئی نویلی شان کو لائے
سب سے افضل اُمت اُنؐ کی	عرش و زمین پہ عظمت اُنؐ کی
عام ہے سب پر رحمت اُنؐ کی	سب پر لازم اُلفت اُنؐ کی
بن کر آئے حق کے پیامی	سب سے اعلیٰ سب سے گرامی
حق کے فرشتے، اُنؐ کے سلامی	شاہوں نے کی اُنؐ کی غلامی

جواب لکھیئے۔

۱۔ نعت کیسی نظم ہے؟ (2)

۲۔ نبیوں کے سردار کون ہے؟ (2)

۳۔ اِس شعر کی معنی اپنے الفاظ میں لکھیئے۔
"حق کے فرشتے اُن کے سلامی۔ شاہوں نے کی اُنؐ کی غلامی" (4)

۴۔ قرآن شریف کیا ہے؟ (2)

(10)

IEB Copyright © 2009

Poem 5 **Unseen Poem**

Compulsory

نظم نمبر ۵

اِس نظم کا جواب ضرور دینا پڑیگا۔

حمد

تُو نے ہی یا الٰہی ! سارا جہاں بنایا
یہ چاند اور سُورج ، یہ آسماں بنایا

پھل پھُول، بیل بوٹے، تو نے بنائے سارے
تو نے ہی آسماں پر، روشن کیے ستارے

چشمے بنائے تو نے ، دریا بہائے تو نے
کلیاں کھِلائیں تو نے، پودے اُگائے تو نے

تو نے سکھا دیا ہے چڑیوں کو چہچہانا
یہ شام اور سویرے ، پیڑوں پہ گیت گانا

چڑیوں کو جس طرح سے پَر تولنا سکھایا
ہم کو بھی تو نے یارب ! ہے بولنا سکھایا

دُنیا کا ذرّہ ذرّہ ، پیڑوں کی ڈالی ڈالی
اِس ذکر سے الٰہی ! کوئی نہیں ہے خالی

سارے جہاں کو یارب ! روزی دلائی تو نے
بھٹکے مسافروں کو منزل دکھائی تو نے

چھوٹے بڑے جہاں میں لے لے کے نام تیرا
کرتے ہیں شکر یارب ! سب صبح و شام تیرا

جواب لکھیے۔

Contextual

۱۔ ۱۔ اِس نظم میں شاعر اللہ کی کیا کیا تعریف کرتا ہے؟ اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔ (7)

۲۔ جملے پورے کیجیے:-

۱۔ چھوٹے بڑے جہاں میں ______

۲۔ ہم کو بھی تو نے یارب ______ (3)

۳۔ ______ یہ آسماں بنایا۔

(10)

OR

Essay

۲۔ شاعر ہمیں کیا پیغام دے رہا ہے۔ ایک مضمون لکھیے۔ (صرف ۱۰ جملے)۔

(10)

30 marks

IEB Copyright © 2009

SECTION B

Novel

یہاں دو (۲) سوالات دیئے گئے ہیں۔
صرف ایک (۱) کا جواب لکھیے۔

دوست بنائے نئے نئے

پڑھو!

مایا اور آرتی کو گھر گھر کھیلنا پسند ہے۔ان کے پاس کھیلنے کے لیے بہت ساری گڑیاں ہیں۔اپنی گڑیوں کو نہلانے کے لیے ان کے پاس ایک چھوٹا سا ٹب بھی ہے۔جس میں وہ اپنی گڑیوں کو نہلاتی ہیں۔ آرتی کو ان کے بالوں میں کنگھی کرنا اچھا لگتا ہے۔ مایا ان سب کے کپڑے بدلتی ہے۔

کبھی کبھی وہ اپنے ماتاپِتا کو دعوت دیتی ہیں۔ان کے پاس کھانا پکانے اور نکالنے کے لیے ڈھیر سارے برتن ہیں۔

وہ گھاس، پتّوں اور رنگ برنگے پھولوں سے کھانا پکاتی ہیں۔ آرتی اس لیے باغ سے پھول جمع کرتی ہے۔مایا کھانا پکاتی اور نکالتی ہے۔ان کے پاس لال پلاسٹک کی چھوٹی پلیٹیں اور ان سے ملتے جلتے چمچے اور کانٹے بھی ہیں۔

IEB Copyright © 2009

Question 1 **Essay**

سوال نمبر ۱

جواب لکھیے۔

"مایا اور آرتی کو "گھر گھر" کھیلنا بہت پسند ہے"۔ اس پر
اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔ (۲۰ - ۲۵ لائن)

(25)

سوال نمبر ۲

OR

Question 2 **Contextual**

(5) ۱- مایا اور آرتی اپنی گڑیوں کو کیا کیا کرتے ہیں؟

(4) ۲- لڑکی کھانا کس چیز سے پکاتی ہے؟

(3) ۳- لڑکیاں کھانا کہاں رکھتے ہیں؟

(3) ۴- لڑکیاں کبھی کبھی کس کو دعوت دیتے ہیں؟

۵- ذیل الفاظ اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

۱- دوست

۲- گڑیاں

۳- باغ

۴- پھول

(5) ۵- برتن

۶- لفظوں کی "ضد" لکھیے۔

۱- پسند

(3) ۲- گم

۳- رونا

(2) ۷- دوستوں کی ذمہ داریاں کیا کیا ہیں؟
ایک جواب لکھیے۔

(25)

25 marks

IEB Copyright © 2009

SECTION C

DRAMA

Question 1

دو (۲) سوالات دیئے گئے ہیں۔
صرف (۱) ایک کا جواب دیجیے۔

سوال نمبر ۱

ڈراما۔

ہمدردی

تیسرا منظر

(نادر کا مکان۔ نادر اور بانو چٹائی پر بیٹھے باتیں کر رہے ہیں)

نادر: باجی! ابّا جان کو خط لکھے ہوئے کتنے دن ہو گئے۔

بانو: مجھے معلوم نہیں۔

نادر: آٹھ دن سے زیادہ ہو گئے مگر ابا جان نے خط کا جواب ہی نہیں دیا....

........(دروازے پر ڈاکیا دستک دیتا ہے)

بانو: دیکھو نادر کون آیا ہے؟

نادر: (دوڑ کر جاتا ہے) کون صاحب ہیں؟

ڈاکیا: میں ڈاکیا ہوں۔ اپنی امّی سے کہو، منی آرڈر لے لیں۔

نادر: منی آرڈر کیا ہوتا ہے؟

ڈاکیا: بیٹے! تمھارے روپے آئے ہیں۔

نادر: امّی! امّی! ابّا جان نے ہمیں روپے بھیجے ہیں، وہ لے لو۔

نادر کی امّی: تمھیں کیا ہو گیا ہے میرے بچّے! پہلے تم نے خط لکھ کر ایک روپے کا لفافہ برباد کیا! اب مجھے پاگل بنا رہے ہو کہ ابّا جان نے روپے بھیجے ہیں۔ آہ!

ڈاکیا: بی بی جلدی کرو! اپنا منی آرڈر لے لو (نادر کی امّی دروازے پر آتی ہیں اور پوچھتی ہیں) "منی آرڈر کہاں سے آیا ہے؟ کس کے نام ہے؟ کہیں آپ غلط پتے پر تو نہیں آ گئے؟"

سوال نمبر ۱۔ اس منظر پڑھ کر اپنے الفاظ میں ایک مضمون لکھیے۔ (۲۰ - ۲۵ لائن)۔

(25)

IEB Copyright © 2009

OR

Question 2 Contextual

سوال نمبر ۲

۱- مکان میں کیا ہو رہا تھا؟ (2)

۲- ڈاکیا کیا کام کرتا ہے؟ (5)

۳- منی آرڈر کیا ہے؟ (3)

۴- نادر کی امی نے کیا جواب دیا تھا؟ (4)

۵- اپنے الفاظ میں معنی لکھیے۔

۱- "تمھیں کیا ہو گیا ہے میرے بچے؟" (3)

۲- "آپ غلط پتے پر تو نہیں آ گئے" (3)

۶- لفظوں کی "ضد" لکھیے۔

۱- امی

۲- جواب

۳- جانا

۴- دن

۵- آسان

(5)

(25)

25 marks

Total: 80 marks

IEB Copyright © 2009